احکامِ شریعت
امام اہلسنت اعلیٰحضرت احمد رضا خان بریلوی
علیہ الرحمۃ
شبیر برادرز اردو بازار لاہور

مسلک اہلسنت کے مطابق روزمرہ شرعی مسائل کا مستند مجموعہ

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی قادری قدس سرہ العزیز

دیباچہ و موضوع بندی

علامہ عالم فقری

شبیر برادرز ۴۰۔بی
اردو بازار لاہور

نام کتاب ـــــــ احکام شریعت (مکمل تین حصے)
نام مصنف ـــــــ اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی
ترجمہ عربی ـــــــ محمد اول قادری چشتی
دیباچہ سوانح مصنف ـــــــ عالم فقری
تعداد طبع اوّل ـــــــ ایک ہزار
سال طباعت ـــــــ ۱۹۸۴ء
زیر نگرانی ـــــــ جناب حاجی انور اختر صاحب
شبیر برادرز
ناشر ـــــــ
اردو بازار لاہور
قیمت ـــــــ /۵۷ روپے
مطبوعہ خادم پرنٹرز اردو بازار لاہور

خالی صرف نقطے لگا کر چھوڑ دیں کہ مسلمانوں کی آنکھیں اُن لعنتی ناپاکیوں کے دیکھنے سے باذنہٖ تعالیٰ محفوظ رہیں۔ فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین ۵

مسئلہ ۱۳۔ نامحرم اندھے سے پردے کا حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ نامحرم عورتوں کو اندھے سے پردہ کرنا لازم ہے اس زمانہ میں یا نہیں اور مقتضی احتیاط کیا ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب

اندھے سے پردہ ویسا ہی ہے جیسا آنکھ والے سے اور اُس کا گھر میں جانا عورت کے پاس بیٹھنا ویسا ہی ہے جیسا آنکھ والے کا۔ حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا افعمیاوان انتما۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۱۴۔ کبوتر بازی، مرغ بازی کی حرمت

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ کبوتر اڑانا اور پالنا اور مرغ بازی۔ بٹیر بازی۔ کن کیا بازی اور فروخت کرنا کنکیا اور ڈور اور مانجھا جائز ہے یا ناجائز اور ان لوگوں سے سلام علیک کرنا اور سلام کا جواب دینا واجب ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب

کبوتر پالنا جائز ہے جبکہ دوسروں کے کبوتر نہ پکڑے اور کبوتر اڑانا کہ گھنٹوں اُن کو اُترنے نہیں دیتے حرام ہے اور مرغ یا بٹیر کا لڑانا حرام ہے ان لوگوں سے ابتدا سلام نہ کی جائے جواب دے سکتے ہیں واجب نہیں کنکیا اڑانے میں وقت ومال کا ضائع کرنا ہوتا ہے یہ بھی گناہ ہے اور گناہ کے آلات کن کیا ڈور بیچنا بھی منع ہے اصرار کریں تو ان سے بھی ابتدا بہ سلام نہ کی جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۱۵۔ گیارھویں شریف

کیا فرماتے ہیں علمائے دین شرع متین اس مسئلہ میں کہ فاتحہ گیارہویں

(بقیہ حواشی صفحہ سابقہ) پاس بیٹھے ہوئے تھے اس تحریر حضرت کو دیکھ کر اسی وقت اشرف نے اپنے سوال میں ان ناپاک کلمات پر قلم پھیر دیا اور کہا میں نے صرف دکھانے کے واسطے یہ کلمات سوال میں نقل کر دیے تھے ۱۲ اس